## صوبوں کے درمیان کوئی امتیازی سلوک نہ کیا جائے، سب کے ساتھ مساوی سلوک کیا جائے۔الطاف حسین

## لندن میں ایم کیو ایم کے چوبیسویں یوم تاسیس کے اجتماع سے خطاب کی مزید تفصیلات

لندن۔۔۔23مارچ2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم کا پیغام یہ ہے کہ صوبوں کے درمیان کسی قسم کا کوئی امتیازی سلوک نہ کیا جائے، سب کے ساتھ مساوی سلوک کیا جائے اور ملک کے ایوان صرف جاگیرداروں اوران کی اولادوں کیلئے نہ ہوں بلکہ ملک کے 16 کروڑعوام کیلئے ہوں۔انہوں نے یہ بات ایم کیو ایم یوکے کے زیراہتمام لندن میں ایم کیو ایم کے چوبیسویں یوم تاسیس کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اجتماع سے خطاب کی مزید تفصیلات کے مطابق جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان بہت مشکل میں ہے،تقریریں کرلینا بہت آسان ہوتا ہے لیکن عملی طور پر ملک کو چلانا بہت مشکل ہوتا ہے۔انہوں نے کہا کہ بعض لوگ ''امریکہ مردہ باد'' ''برطانیہ مردہ باد'' کے نعرے لگاتے ہیں اور یہ کہتے ہیں کہ ''ہم امریکہ برطانیہ سے نہیں ملیں گے، یہ ہمیں پالیسیاں ڈکٹیٹ کرتے ہیں''۔انہوں نے کہا کہ اگر آپ آئی ایم ایف، ورلڈ بینک،امریکہ اور برطانیہ سے قرضہ لیں گے تو آپ کو ان کی سننا بھی پڑے گی۔انہوں نے کہا کہ اگر کوئی اس بات کیلئے تیار ہو کہ ہم آئی ایم ایف،، ورلڈ بینک،امریکہ اور برطانیہ سے ایک پائی قرضہ نہیں لیں گے اور اپنی جاگیریں بیچ کر تمام بیرونی قرضے واپس کریں گے اور روکھی سوکھی کھائیں گے تو ایم کیو ایم بھی ان کے ساتھ ہوگی۔انہوں نے کہا کہ بیساکھیوں کے سہارے ملک نہیں چلا کرتے ،ہمیں پاکستان کو اپنے پیروں پر کھڑا کرنا ہوگا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان میں اس وقت حضور اکرمؐ کی تعلیمات کے قریب اگر کوئی جماعت ہے تو وہ ایم کیو ایم ہے۔انہوں نے کہا کہ حضورؐ نے ظلم کی سیاہ رات میں حق پرستی کے چراغ جلائے اور ظلم وجہالت کے خلاف آواز بلند کی۔دورِ جہالت میں پیدا ہوا نے والی بچیوں کو زندہ درگور کردیا جاتا تھا،حضورؐ نے اس ظلم کے خلاف آواز بلند کی اور کہا کہ بچیاں اللہ کی رحمت ہوتی ہیں انہیں زندہ دفن کرنا سراسرظلم اور قبیح فعل ہے۔انہوں نے کہا کہ عورتوں کو ظلم سے نجات دلانے کیلئے ایم کیو ایم نے قومی اسمبلی میں خواتین کے حقوق کا بل منظور کرایا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ حضورؐ نے اقرباءپروری نہ کرنے کا درس دیا،ایم کیو ایم اس درس پر عمل کررہی ہے اور ایم کیو ایم میں اقرباءپروری کے بجائے میرٹ کی بنیاد پر الیکشن میں ٹکٹ دیے جاتے ہیں اور دیگر نمائندگی اقرباءپروری کی بنیاد پر نہیں بلکہ میرٹ کی بنیاد پر کی جاتی ہیں۔آج تک ایم کیو ایم کے جتنے بھی نمائندے کامیاب ہوئے ان میں الطاف حسین کا کوئی بھائی بہن یا بھانجہ بھتیجہ نہیں تھا۔انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے ہمارے ملک میں زندگی کے ہر شعبے میں اقرباءپروری کی بنیاد پر فیصلے کئے جاتے ہیں۔ہاکی ہو یا کرکٹ کی ٹیم ہو اس میں اقرباءپروری کا مظاہرہ کیا جاتا ہے حالانکہ ملک میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ ہاکی اور کرکٹ کی ٹیم دوسال کیلئے ایم کیو ایم کے حوالے کردی جائے ہم بھانجوں بھتیجوں کو نہیں لیں گے بلکہ ملک کے 16 کروڑعوام میں سے بہترین کھلاڑیوں پر مشتمل ٹیم بنائیں گے جو ورلڈ کپ جیت کر دکھائے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان میں تیل،گیس اور دیگر معدنیات کے ذخائر بڑی تعداد میں ہیں لیکن ہم انہیں دریافت کرنے کیلئے مخلصانہ کوششیں کرنے کے بجائے کمیشن حاصل کرنے کے چکر میں لگ جاتے ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ہم کرپشن،قومی دولت کی لوٹ مار اور فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خلاف ہیں اسی لئے ہم پاکستان کے پولیٹیکل کلچر میں فٹ نہیں ہیں۔انہوں نے کہا کہ میں 18 سال سے جلاوطن ہوں، چاہتا تو میں بھی قومی دولت کی اس لوٹ مار میں شریک ہوجاتا اور اب تک کھرب پتی بن چکا ہوتا،آج میرے بھی اسلام آباد،لاہور،مری اور ڈیفنس میں بنگلے اور جائیدادیں ہوتیں لیکن میں اس نظام کا حصہ نہیں بنا کیونکہ میں جانتا ہوں کہ حق پرستی کی جدوجہد میں آزمائشوں سے گزرنا پڑتا ہے،حضورؐ نے شعب ابی طالب کی گھاٹی میں صحابہ کرامؓ کے ساتھ تین سال مصائب ومشکلات میں گزارے،مکہ میں رہنا مشکل ہوگیا تو مدینہ منورہ ہجرت کی لیکن حق کا پیغام نہیں چھوڑا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ اگر کسی کو ایم کیو ایم کا منشور سمجھنا ہے تو وہ حضورؐ کا خطبہ حجتہ الوداع کو پڑھ لے، ہمارا منشور بھی یہی ہے کہ کسی امیر کو کسی غریب پر یا کسی غریب کو کسی امیر پر کوئی فوقیت حاصل نہیں ہے بلکہ فوقیت اسی کو حاصل ہے جو میرٹ پر پورا اترتا ہو،ہم چاہتے ہیں کہ سب کے ساتھ مساوی سلوک کیا جائے۔ہم قرآن مجید میں موجود فرمان الٰہی ''لکم دینکم ولی الدین'' پر یقین رکھتے ہیں یعنی میرا دین میرے ساتھ تمہارا دین تمہارے ساتھ۔کسی کا کوئی بھی مذہب ہو،کوئی بھی عقیدہ ہو لیکن نہ تو مذہب کی بنیاد پر مسجد،مندر،گرجا گھر یا گردوارے کو جلانا چاہیے اور نہ مسلک اور عقیدے کے اختلاف کی بنیاد پر کسی مسجد یا امام بارگاہ کو نقصان پہنچانا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ'' لااکراہ فی الدین ''یعنی دین میں جبر نہیں اور جو لوگ دین کے نام پر جبر کرتے ہیں وہ قرآن کی تعلیمات کی نفی کرتے ہیں۔

## پوری قوم کو الطاف حسین کی جانب سے یومِ پاکستان کی زبردست مبارکباد

## آج کے دن ملک میں جمہوریت کے فروغ، ملکی استحکام، اتحاد واتفاق، فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور ایک دوسرے کے وجود کو برداشت کرنے کا عہد کرنا چاہیے

## صوبوں کو 23مارچ 1940ء کی قرارداد لاہور کی روح کے مطابق صوبائی خودمختاری دی جائے اور ملک کو قائد اعظم کے خیالات وافکار کی روشنی میں چلایا جائے

لندن۔۔۔23مارچ2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اپنے ایک بیان میں پوری قوم کو یوم پاکستان کی زبردست مبارکباد پیش کی ہے۔ یوم پاکستان کے موقع پر اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ آج کے دن ہمیں یہ عہد کرنا چاہیے کہ ہم ملک میں جمہوریت کے فروغ، ملکی استحکام، اتحاد واتفاق پیدا کرنے، فرقہ وارانہ ہم آہنگی قائم کرنے اور ایک دوسرے کے وجود کو برداشت کرنے کا عزم کریں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں ایک قوم کے تصور کو اجاگر کرنے کیلئے ضروری ہے کہ تمام صوبوں کو 23مارچ 1940ء کی قراردادِ لاہور کی روح کے مطابق صوبائی خودمختاری دی جائے، غربت اور بیروزگاری کا خاتمہ کیا جائے اور ملک کو بانیء پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے وسیع النظری پرمبنی خیالات وافکار کی روشنی میں چلایا جائے تاکہ ملک سے انتہا پسندی کا خاتمہ ہو، ملک میں جمہوریت اس کی اصل روح کے مطابق نافذ ہوسکے اور پاکستان میں رہنے والے تمام لوگوں کو بلاامتیاز رنگ ونسل وزبان ومذہب نہ صرف برابر کا شہری سمجھا جائے بلکہ انہیں برابر کے حقوق دیئے جائیں اور انصاف کے نظام کو ان خطوط پر استوار کیا جائے کہ امیر وغریب سب کیلئے انصاف کا حصول ممکن ہوسکے۔

## یوم تاسیس کے شاندار اجتماع کے انعقاد پر ایم کیوایم یوکے کے تمام کارکنوں کو الطاف حسین کا زبردست خراج تحسین

لندن۔۔۔23مارچ2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے چوبیسویں یوم تاسیس کے سلسلے میں شاندار اجتماع کے انعقاد پر ایم کیوایم یوکے کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش، یوکے کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان اور یوکے یونٹ کے تمام کارکنوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں یوکے یونٹ کے کارکنوں سے گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ یوکے یونٹ نے یوم تاسیس کا اجتماع جس منظّم اور شاندار انداز میں منعقد کیا ہے وہ اس بات کا ثبوت ہے کہ یوکے میں ایم کیوایم کا پیغام تیزی سے پھیل رہا ہے۔ جناب الطاف حسین نے اجتماع کی کامیابی پر ایم کیوایم یوکے یونٹ کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش اور یوکے کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان اور یوکے تمام کارکنوں کو مبارکباد پیش کی اور اجتماع کے انتظامات میں حصہ لینے والے تمام کارکنوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

## ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ شعبہ خواتین کی رکن محترمہ یاسمین نوین کی علالت پر الطاف حسین کا اظہار تشویش

لندن۔۔۔23مارچ2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ شعبہ خواتین کی رکن محترمہ یاسمین نوین کی علالت پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔ ایم کیوایم یوکے کے زیراہتمام لندن میں ایم کیوایم کے چوبیسویں یوم تاسیس کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ وہ محترمہ یاسمین نوین کو صحتِ کاملاں عطا کرے۔ انہوں نے حاظرین سے بھی اپیل کی وہ محترمہ یاسمین نوین کی صحتیابی کیلئے دعا کریں۔

## متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کے عزیز آباد میں محفل میلاد کا انعقاد

## خوش بخت شجاعت، منیبہ شیخ، حوریہ رفیق، غزالہ عارف، صباء ستار، عنبرین سلیم سمیت ممتاز خواتین نعت خواں کی شرکت

## عزیز آباد لال قلعہ گراؤنڈ کی فضاء دورد وسلام اور رقت آمیز دعاؤں سے گونج اٹھی

کراچی۔۔۔23، مارچ 2008ء

جشن عید میلاد النبیؐ کے سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کے زیراہتمام ہفتے کی شب لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں روح پرور محفل میلادؐ منعقد کی گئی جس میں ملک کی معروف نعت خواں خواتین نے بارگاہ رسالتؐ میں ہدیہ نعت پیش کیا اور سیرت النبیؐ پر روشنی ڈالی۔ محفل میلادؐ میں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کی ارکان محترمہ خورشید افسر، محترمہ ممتاز انوار، نومنتخب اور سابق حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، خواتین کونسلرز شعبہ خواتین کی ذمہ داران، کارکنان اور حق پرست خواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ محفل میلاد کا آغاز مغرب کی نماز کے بعد ہوا اور یہ روح پرور محفل رات گئے تک جاری رہی۔ محفل میلادؐ کی تقریب میں نظامت کے فرائض محترمہ ساجدہ سلیم اور محترمہ شاہین شیردل نے انجام دیئے۔ محفل میلادؐ میں ملک کی مشہور ومعروف نعت خواں محترمہ منیبہ شیخ، محترمہ حوریہ رفیق، محترمہ غزالہ عارف، محترمہ صباء ستار، محترمہ عنبرین سلیم، محترمہ عائشہ تسلیم، محترمہ شہناز سلطانہ، محترمہ ماریہ احمد نوری، محترمہ سعدیہ اقبال، محترمہ سعدیہ تجلی ظہیر، محترمہ قرۃ العین، محترمہ یاسمین جاوید، محترمہ حسینہ بانو، آنسہ تحریم اور دیگر نعت خواں خواتین نے حضور سرور کونین حضرت محمد مصطفیؐ کی بارگاہ میں ہدیہ نعت پیش کی۔ اس موقع پر نومنتخب حق پرست رکن قومی اسمبلی محترمہ خوش بخت شجاعت نے سیرت طیبہؐ پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔ محفلِ میلادؐ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حضور سرور کونینؐ کی ذات مبارکہ تمام انسانیت کیلئے رحمت ہے اور آپ کی حیات طیبہ کا ہر پہلو تمام انسانیت کیلئے مشعل راہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے ہمارے دامن دورد وسلام سے بھر دیئے ہیں اور درود وسلام ہی کی بدولت ہماری دعائیں آسمانوں تک پہنچتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دورد وسلام ایک ایسا تحفہ ہے جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ تم میرے نبیؐ پر سلام بھیجو میرے فرشتے تم پر سلام بھیجیں گے۔ محترمہ خوش بخت شجاعت نے کہا کہ رسول اللہؐ کا نزول خواتین پر بھی بڑا احسان ہے اور حضورؐ کی آمد سے خواتین کو وہ عزت واحترام ملا جس کی نظیر دنیا کی تاریخ میں نہیں ملتی۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے ماں کے قدموں تلے جنت رکھ کر خواتین پر اپنی نسلوں کی تربیت کی بھاری ذمہ داری عائد کی ہے اور ہمارا فرض ہے کہ ہم آنے والی نسلوں کی بہترین تعلیم وتربیت کریں۔ آخر میں نبی کریمؐ کے حضور سلام پیش کیا گیا۔

## ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر کے کارکن آصف اسمٰعیل کی ہمشیرہ مہہ جبین کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔23 مارچ 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر یونٹ 75 کے کارکن آصف اسمٰعیل کی ہمشیرہ مہہ جبین کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل کا حوصلہ دے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆